سوال

(501) جب عورت شادی کے بعد خاوند میں کچھ ناپسندیدہ چیزیں دیکھے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب کوئی شخص کسی لڑکی سے شادی کرے تو لڑکی کو اس میں کچھ ایسے عیب معلوم ہوں جن کو وہ پسند نہ کرتی ہو۔ پھر اس لڑکی نے مرد سے فسخ نکاح کا مطالبہ کر دیا اور یہ واقعہ عورت کے ساتھ دخول سے پہلے کا ہے جبکہ وہ شوہر سے حق مہر اور سونے کے کنگن اور ہار کا ایک سیٹ لے چکی ہے تو کیا وہ مرد کو ہر چیز واپس کرے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی حالت میں عورت پر مرد سے لی ہوئی ایک ایک چیز کا واپس کرنا واجب ہے کیونکہ جدائی اس کی طرف سے قبل از مجامعت ہو رہی ہے لیکن اگر مرد کوئی چیز اپنی رضا سے عورت کو دے دے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ (الفوزان)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 445

محدث فتویٰ